ادارہ



تعارف وتبصرہ کتب

● زنا کی سنگینی اوراسکے برے اثرات............ پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

زنا ایک انتہائی قبیح اور خطرناک جرم ہے' اس سے معاشرہ تباہ وبرباد ہوکر جہنم بن جاتا ہے' خالق ارض وسما نے انسان کو پیدا کر کے شتر بے مہار کی طرح نہیں چھوڑا بلکہ اس کے لئے حدود وقیود مقرر فرمائے حلال وحرام جائز و ناجائز اچھے وبرے کی تمیز سکھلائی تا کہ معاشرہ سکھ چین امن اور عزت وعفت کا پیکر بنے۔ شریعت نے جائز بشری ضروریات اور خواہشات پوار کرنے کے لئے راستہ ''نکاح'' کی صورت میں متعین فرمایا' انسان جب قدرت کے دیئے گئے قوانین سے انحراف اور بغاوت پر آمادہ ہوتا ہے۔ تو پھر معاشرتی اقدار وروایات ملیامیٹ ہوکر دینی' دنیاوی' روحانی اور جسمانی نقصان کے دروازے کھلتے جاتے ہیں اور نتیجتاً پورا معاشرہ برائی کے دلدل میں پھنس کر رہ جاتا ہے' اگر اس سے نکلنے کی تدبیر نہ اپنائی جائے تو یہ عمل پورے معاشرے کا مزاج ہی بگاڑ کر رکھ دیتا ہے۔ آخر کار لوگوں کو برائی برائی ہی معلوم نہیں ہوتی بلکہ اسے بھلائی کا نام دے دیا جاتا ہے۔

ع خرد کا نام رکھ دیا جنوں ایسے خطرناک صورتحال سے حضورﷺ نے لوگوں آگاہ فرمایا۔

''اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہارے نوجوان بدکار ہوجائیں گے اور تمہاری لڑکیاں اور عورتیں تمام حدود پھلانگ جائیں گی۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یارسول اللہﷺ کیا ایسا بھی ہوگا؟ فرمایا ہاں اور اس سے بڑھ کر اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم نہ بھلائی کا حکم کروگے نہ برائی سے منع کروگے۔ صحابہ نے عرض کیا یارسول اللہﷺ کیا ایسا بھی ہوگا۔ فرمایا ہاں اور اس سے بھی بدتر اس وقت تم پر کیا گزرے گی جب تم برائی کو بھلائی اور بھلائی کو برائی سمجھنے لگو گے۔ ہمارے ملک میں جس تیزی سے پرنٹ الیکٹرانک میڈیا اور موبائل کمپنیوں کے علاوہ میڈیا سے فحاشی و بے حیائی کا جو سیلاب پروان چڑھایا جارہا ہے۔ اس کا نتیجہ لازمی طور پر جنسی اشتعال انگیزی' بے حیائی' بیباکی کی صورت میں پیدا ہوگی' ہمیں یہ سب کچھ روکنا ہوگا۔ زیرنظر کتاب ''زنا کی سنگینی اوراسکے برے اثرات'' پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی نے زنا کی قباحت اور اس کی مہلک اثرات پر لکھی ہے۔ دنیا کا ہر مذہب اور سلیم الفطرت انسان اس بدترین فعل کی نفی کرتا ہے' امریکہ اور مغرب جو اس فعل کی آماجگاہ بن چکے ہیں۔ وہ بھی اس سے جان چھڑانے کو بھاگے پھر رہے ہیں۔ ہمارے مذہب وشریعت نے زنا کا فعل تو دور کی بات ہے اس کے قریب جانے سے بھی منع فرمایا۔ ولا تقربوا الزنی کتاب ہذا کے مشتملات یوں ہیں' پہلے حصہ میں مذاہب عالم' یہودیت' نصرانیت اور اسلام کا موقف اس برے فعل کے حوالہ سے پیش کیا گیا' پھر عقل سلیم سے بھی ثبوت دیا گیا۔ کتاب کی قیمت ۴۰۰ روپے ہے۔

■ ■ ■